الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 10 نومبر، 2017

2018ءکہ عام انتخابات کی تیاری کے حوالے سے پلاننگ کمیٹی کا چودھواں اجلاس 17 نومبر 2017ء کو ہوگا۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عام انتخابات 2018ء کی تیاری کے حوالے سے پلاننگ کمیٹی کا چودھواں اجلاس 17 نومبر 2017ء کو الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں طلب کر لیا ہے۔

اس اجلاس کی صدارت سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد کریں گے۔ اجلاس میں چاروں صوبائی الیکشن کمشنرز اور الیکشن کمیشن کے اعلی افسران شریک ہونگے۔ اجلاس میں انتخابی مواد کی خریداری، ٹیمپر ایویڈنٹ بیگ کی خریداری، واٹر مارک بیلٹ پیپر کی چھپائی، بجٹ کا تخمینہ ، پولنگ اسٹاف کا عام انتخابات 2018ء کے لئے ڈیٹابینک ، نئے قانون الیکشن ایکٹ 2017ء کے تحت پولنگ اسٹیشنوں میں اضافہ اوران میں ووٹروں کے لئے بنیادی سہولتوں کی فراہمی، حلقہ بندیوں کے بارے میں پیش رفت، الیکشن کمیشن کے افسران کی تربیت کے لئے فیڈرل الیکشن اکیڈمی کی تعمیر، ڈویژن کی سطح پر پورے پاکستان میں سٹرانگ رومز کا قیام ، انتخابی لسٹوں کی نظرثانی کے لیے منصوبہ بندی، عام انتخابات 2018ء کے لئے الیکشن ایکٹ 2017ء کے تحت ایک کلومیٹر کے فاصلے پر مزید پولنگ اسٹیشنز کا حصول، آر ایم ایس اور آر ٹی ایس سسٹم کے حوالے سے رپورٹ، کمپیوٹرائزڈ الیکٹرول سسٹم کی ضلعوں میں تنصیب کا کام، ڈسٹرک ریٹرننگ آفیسر، ریٹرننگ آفیسر، اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر، پریزائنڈنگ آفیسر اور پولنگ اسٹاف کی ٹرینگ کے حوالے سے حکمت عملی، ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹیوں کی کارکردگی کا جائزہ، مانیٹرنگ ونگ کی کارکردگی کا جائزہ، جینڈر ونگ کی عورتوں اور مردوں کے درمیان ووٹوں کے فرق ختم کرنے کی حوالے سے پاکستان کے 79اضلاع میں پائلٹ پروجیکٹ کی منصوبہ بندی اور اس کے ساتھ ساتھ 7 دسمبر 2017ء کو ووٹرز ڈے منانے کے حوالے سے تیاریوں کا جائزہ بھی لیا جائے گا۔